مرثية مباركة

في شأن السيدة الفاضلة نوربي بي صاحبة ام الداعي الاجل سيدنا يوسف نجم الدين ق س
والسيدة الفاضلة فاطمة بي بي صاحبة اخت الداعي الاجل سيدنا يوسف نجم الدين ق س

قالها

الداعي الاجل سيدنا هبة الله المؤيد في الدين ر ض

یہ حکایة سب حکایة میں عجائب اَنْوَرِي (١)
دیکھا دریا کے کنارے تختے پر دُو اِسْطَرِي (٢)
حُسْن اُنکا ماهتاب (٣) اور دوسري جوں مُشْتَرِي
تھے وہ گویا پُتْلِیَاں رب اپنے هاتھوں سے گھري

*

ایك ماچھي تھا کِنارے کے اوپر اُسکا گُذَر
دُور سے اُسکي نظر کئي جا پڑي تختے اوپر
قَصْد یوں اُسنے کیا اُنکو نِکالوں سَرْبَسَر
تھاگ (٤) لوں میں اُنکے زیور خوب اور اَنْگُشْتَرِي (٥)

*

قَصْد کر لینے گیا تختے نزدیك آیا هات وہ
تھا وہ ماچھي بَدْبَخت بَدْدِیْن کافِر ذات وہ
کیونکے (٦) نِکلے پاك دَامَن مائِیاں (٧) اس هات وہ
شور دریامیں پڑا اور لرز گئي سب دَهرتَري (٨)

---

(١) روشن (٢) بیٹیرو (٣) چاند (٤) چھیني لوں
(٥) انگوٹھي (٦) کئي طرح (٧) ماں صاحبۃ (٨) دھرتي (زمین)

تب وہ ماچھي دَور وھاں سيتي[1] گيا گُندوِے[2] طَرَف

جا خبر کہي تاج خاں سے کوئي ھے اِھلِ شَرَف

ايك تختہ کہيں سے آيا ھے کنارے پر کشف[3]

اُسکو جاکر تم نکالو بات ھے يہ بِہتَرِي

*

مؤمناں آئے وھاں تختہ کِنارے پر رکھا

ديکھ تصويران اُنکي غم ميں روئے تلملا

سب نے مِلِ جنگل ميں کھودے لحد اُنکے اُس جگہ

ھائے روئے کُوٹ چھاتي اُنکو دھرتي ميں دھري

*

يہ عجائب معجزة اُنکا عزيزاں گھر بگھر

کيوں نہ ھو مشہور باتاں[4] اُنکے ھر نگر و نگر

مؤمناں سورت کے واھلاں بيٹھ لے آتے نَذَر

حاجتاں ھووے تمام اور مانتا جو جو کري

*

کئي دنوں سے سر اوپر تھي مان[5] اے ھَبة الاله

حق نے پوري آج کي اَلْاٰن اے ھَبة الاله

اَب قبر پر سب دعاة کے ارمان اے ھَبة الاله

پُہنچے تو جلدي شِتابي کونسي ھے وہ گھري

(١) سي (٢) گن ديوي (گام نو نام چھ) (٣) کُھلو (٤) ذِکر (٥) مَنَّت